بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

سلسلہ دعوت نمبر 12

لَا یَمَسُّہٗۤ اِلَّا الۡمُطَھَّرُوۡنَ

اس کو غیر اللہ سے پاک ذہنوں کے سوا کوئی نہیں سمجھ سکتا

وَمَنۡ لَّمۡ یَحۡکُمۡ بِمَاۤ اَنۡزَلَ اللّٰہُ فَاُولٰٓئِکَ ھُمُ الۡکٰفِرُوۡنَ ﴿۴۴﴾

اور جو اللہ کے نازل کردہ کے مطابق فیصلہ نہ کریں۔ پس یقیناً وہی اللہ کا انکار کرنے والے ہیں۔ 5/44

قرآن مفصّل کتاب ہے

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

1۔ اِنَّ الَّذِیۡنَ یَکۡتُمُوۡنَ مَاۤ اَنۡزَلۡنَا مِنَ الۡبَیِّنٰتِ وَالۡہُدٰی مِنۡۢ بَعۡدِ مَا بَیَّنّٰہُ لِلنَّاسِ فِی الۡکِتٰبِ ۙ اُولٰٓئِکَ یَلۡعَنُہُمُ اللّٰہُ وَیَلۡعَنُہُمُ اللّٰعِنُوۡنَ ﴿۱۵۹﴾ ترجمہ: یقیناً جو چھپاتے ہیں جو ہم نے واضح دلائل اور ہدایت نازل کی ہے اس کے بعد کہ ہم نے اُسے لوگوں کے لیے الکتاب میں واضح بیان کر دیا ہے۔یہی ہیں جن پر اللہ لعنت کرتا ہے اور لعنت کرنے والے اِن پر لعنت کرتے ہیں۔2/159

2۔ اَفَغَیۡرَ اللّٰہِ اَبۡتَغِیۡ حَکَمًا وَّہُوَ الَّذِیۡۤ اَنۡزَلَ اِلَیۡکُمُ الۡکِتٰبَ مُفَصَّلًا ؕ وَالَّذِیۡنَ اٰتَیۡنٰہُمُ الۡکِتٰبَ یَعۡلَمُوۡنَ اَنَّہٗ مُنَزَّلٌ مِّنۡ رَّبِّکَ بِالۡحَقِّ فَلَا تَکُوۡنَنَّ مِنَ الۡمُمۡتَرِیۡنَ ﴿۱۱۴﴾ وَتَمَّتۡ کَلِمَتُ رَبِّکَ صِدۡقًا وَّعَدۡلًا ؕ لَا مُبَدِّلَ لِکَلِمٰتِہٖ ۚ وَہُوَ السَّمِیۡعُ الۡعَلِیۡمُ ﴿۱۱۵﴾

ترجمہ: (ان سے پوچھو) کیا میں اللہ کے سوا حکم تلاش کروں؟ (39/64) حالانکہ وہی ہے جس نے تمہاری طرف تفصیل شدہ کتاب نازل کی ہے۔جن کو ہم نے کتاب دی ہے وہ تو جانتے ہیں کہ یقیناً یہ تیرے رب کی طرف سے حق کے ساتھ نازل شدہ ہے۔پس تو ہرگز شک کرنے والوں میں سے نہ ہو جانا۔114 اور تیرے رب کا قرآن صدق و عدل کے لحاظ سے کامل کتاب ہے۔اُسکے قوانین کوئی بدلنے والا نہیں ہے۔اور وہ سمیع ہے علیم ہے۔6/115

کَذٰلِکَ یَجۡعَلُ اللّٰہُ الرِّجۡسَ عَلَی الَّذِیۡنَ لَا یُؤۡمِنُوۡنَ ﴿۱۲۵﴾ وَہٰذَا صِرَاطُ رَبِّکَ مُسۡتَقِیۡمًا ؕ قَدۡ فَصَّلۡنَا الۡاٰیٰتِ لِقَوۡمٍ یَّذَّکَّرُوۡنَ ﴿۱۲۶﴾ ترجمہ: اسی طرح اللہ پلید قرار دیتا ہے اُن کو جو قرآن پر ایمان نہیں لاتے (10/100)۔125 اور یہ قرآن ہی تیرے رب کا سیدھا راستہ ہے۔ہم نے آیات کی تفصیل کر دی ہے اُن کے لئے جو نصیحت لینا چاہتے ہوں۔6/126

3۔ وَلَقَدۡ جِئۡنٰہُمۡ بِکِتٰبٍ فَصَّلۡنٰہُ عَلٰی عِلۡمٍ ہُدًی وَّرَحۡمَۃً لِّقَوۡمٍ یُّؤۡمِنُوۡنَ ﴿۵۲﴾ ترجمہ: یقیناً ہم نے اِن کو کتاب دی جس کی ہم نے علم کی بنیاد پر تفصیل کی تھی۔ راہنمائی اور رحمت تھی اُن کیلئے جو کتاب کو مفصّل مانتے تھے۔7/52

4۔ وَمَا کَانَ ہٰذَا الۡقُرۡاٰنُ اَنۡ یُّفۡتَرٰی مِنۡ دُوۡنِ اللّٰہِ وَلٰکِنۡ تَصۡدِیۡقَ الَّذِیۡ بَیۡنَ یَدَیۡہِ وَتَفۡصِیۡلَ الۡکِتٰبِ لَا رَیۡبَ فِیۡہِ مِنۡ رَّبِّ الۡعٰلَمِیۡنَ ﴿۳۷﴾ اَمۡ یَقُوۡلُوۡنَ افۡتَرٰىہُ ؕ قُلۡ فَاۡتُوۡا بِسُوۡرَۃٍ مِّثۡلِہٖ وَادۡعُوۡا مَنِ اسۡتَطَعۡتُمۡ مِّنۡ دُوۡنِ اللّٰہِ اِنۡ کُنۡتُمۡ صٰدِقِیۡنَ ﴿۳۸﴾ ترجمہ: اور یہ قرآن کسی

غیر اللہ کا افترٰی کیا ہوا نہیں ہے۔ بلکہ یہ تصدیق کرتا ہے اُس وحی کی جو اس سے پہلے تھی یہ اس کتاب کی تفصیل بھی ہے جس میں کوئی شک نہیں جو رب العالمین کی طرف سے ہے۔ 37 کیا وہ کہتے ہیں کہ اُس نے اسے خود گھڑ لیا ہے کہہ دو اِس کی مثل ایک سورۃ ہی لاؤ اور اللہ کے سوا جن کی تم طاقت رکھتے ہو اُن کو بھی بلا لو اگر تم سچے ہو۔ 10/38

5۔ الٓرٰ قف کِتٰبٌ اُحْكِمَتْ اٰيٰتُهٗ ثُمَّ فُصِّلَتْ مِنْ لَّدُنْ حَكِيْمٍ خَبِيْرٍ ۝ لا ترجمہ: الرٓ۔ یہ کتاب ہے جس کی آیات محکم کر دیں ہیں۔ پھر حکیم و خبیر کی طرف سے تفصیل کر دی گئی ہے۔ 11/1

6۔ لَقَدْ كَانَ فِيْ قَصَصِهِمْ عِبْرَةٌ لِّاُولِي الْاَلْبَابِ ط مَا كَانَ حَدِيْثًا يُّفْتَرٰى وَلٰكِنْ تَصْدِيْقَ الَّذِيْ بَيْنَ يَدَيْهِ وَ تَفْصِيْلَ كُلِّ شَيْءٍ وَّهُدًى وَّرَحْمَةً لِّقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ ۝ ع

ترجمہ: یقیناً اِن واقعات میں اہلِ عقل کے لئے بڑی عبرت ہے۔ قرآن ایسی حدیث نہیں ہے جو گھڑ لی ہو۔ بلکہ یہ اپنے سے پہلی اللہ کی ہر کتاب کی تصدیق کرتی ہے۔ اور ہر شے کی تفصیل ہے ہدایت اور رحمت کے حوالے سے اُن لوگوں کے لئے جو قرآن کو مفصّل و اکمل مانتے ہیں۔ 12/111

7۔ وَلَا يَاْتُوْنَكَ بِمَثَلٍ اِلَّا جِئْنٰكَ بِالْحَقِّ وَ اَحْسَنَ تَفْسِيْرًا ۝ ط ترجمہ: اور وہ تیرے پاس اس کی مثل کتاب نہیں لا سکتے مگر ہم ہی تیرے پاس قرآن کو بہترین تفسیر کے ساتھ لائے ہیں۔ 25/33

8۔ اَوَلَمْ يَكْفِهِمْ اَنَّآ اَنْزَلْنَا عَلَيْكَ الْكِتٰبَ يُتْلٰى عَلَيْهِمْ ط اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَرَحْمَةً وَّ ذِكْرٰى لِقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ ۝ ع قُلْ كَفٰى بِاللّٰهِ بَيْنِيْ وَبَيْنَكُمْ شَهِيْدًا ج يَعْلَمُ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ط وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا بِالْبَاطِلِ وَكَفَرُوْا بِاللّٰهِ لا اُولٰٓئِكَ هُمُ الْخٰسِرُوْنَ ۝

ترجمہ: معجزوں کی بجائے کیا بھلا اِن کو یہ کافی نہیں ہے کہ ہم نے تیرے اوپر کتاب نازل کر دی ہے جو اِن پر تلاوت کی جاتی ہے۔ یقیناً اِس میں رحمت اور نصیحت ہے اُس قوم کے لئے جو اللہ کو لاشریک مانتی ہے۔ 29/51

9۔ كِتٰبٌ فُصِّلَتْ اٰيٰتُهٗ قُرْاٰنًا عَرَبِيًّا لِّقَوْمٍ يَّعْلَمُوْنَ ۝ لا بَشِيْرًا وَّنَذِيْرًا ج فَاَعْرَضَ اَكْثَرُهُمْ فَهُمْ لَا يَسْمَعُوْنَ ۝ ترجمہ: کتاب جس کی آیات کی تفصیل کر دی گئی ہے (6/114)۔ یہ واضح قرآن ہے اُس قوم کے لئے جو جانتی ہو۔ 3 یہ بشیر اور نذیر ہے۔ اِن کی اکثریت نے مُنہ موڑ لیا ہے۔ پس نہیں سنتے یعنی وہ مانتے ہی نہیں۔ 41/4